**30.08.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ کونین حیدر

**Music**

---

☆ بھارت اور ازبیکستان اپنے باہمی تعلقات کو جامع اسٹریٹجک ساجھیداری تک لے کر گئے۔ دونوں ملکوں نے طویل مدتی یورنیم سپلائی معاہدے پر دستخط کیے اور 2030 تک 5 ارب ڈالر کی دو طرفہ تجارت کا ہدف مقرر کیا۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی کو ازبیکستان کے اعلیٰ ترین سرکاری اعزاز سے نوازا گیا ہے۔ جناب مودی، بشکیک میں شنگھائی تعاون تنظیم SCO کے 26ویں سربراہ اجلاس میں شرکت کیلئے جمہوریہ کرغز پہنچ گئے ہیں۔

☆ وزیر اعظم مودی نے من کی بات پروگرام میں منشیات کی لعنت سے خبردار کیا۔ انہوں نے خواتین کی معاشی خود مختاری، خلائی صنعت میں لڑکیوں کی شمولیت اور زرعی شعبے میں جدت طرازی کو سراہا۔

☆ نیپال نے Bhote Koshi دریا سے متصل علاقوں میں سیلاب کا تازہ الرٹ جاری کیا ہے۔ اب تک 149 بھارتیوں کو بچایا جاچکا ہے۔ ہلاکتوں کی تعداد بڑھ کر 781 ہوگئی ہے۔ عالمی ادارۂ صحت WHO نے 150 ہزار امریکی ڈالر کی ہنگامی امداد جاری کی ہے۔

☆ اور مردوں کی ہاکی میں بلجیئم میں ورلڈ کپ کا فائنل دفاعی چمپئن جرمنی اور اسپین کے درمیان کھیلا جا رہا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

***Rev. PM Uzbekistan***

بھارت اور ازبیکستان نے آج اپنے تعلقات کو جامع کلیدی شراکت داری کی سطح پر لے جانے کا اعلان کیا ہے۔ دونوں ملکوں نے سول نیوکلیائی توانائی کے شعبے میں باہمی تعاون کے حصے کے طور پر ازبیکستان سے بھارت کو یورینیم کی سپلائی کیلئے ایک طویل مدتی انتظام کے بارے میں بھی اتفاق کیا ہے۔ نایاب معدنیات کی کانکنی کیلئے ممکنہ مقامات کے بارے میں بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں ملکوں نے سال 2030 تک دوطرفہ تجارت کو پانچ ارب ڈالر تک بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی اور ازبیکستان کے صدر Shavkat Mirziyoyev کے درمیان وفد کی سطح کی بات چیت کے بعد یہ فیصلے کئے گئے ہیں۔ دونوں رہنماؤں نے 11 مفاہمت ناموں کا تبادلہ کیا جن کا مقصد کانکنی، آیوروید، سیاحت، ثقافت، اقتصادی و مالیاتی مذاکرات، جامع اور کلیدی شراکت داری اور تعلیم سمیت اہم شعبوں میں دو طرفہ

تعاون کو بڑھانا ہے۔مذاکرات کے دوران اپنے بیان میں جناب مودی نے کہا کہ بھارت–ازبیکستان مضبوط شراکت داری وسطی ایشیا میں امن، ترقی اور خوشحالی کیلئے ایک طاقت ور محرک ہوگی۔

**S/B 2100 PM Strategic Partnership**

مذاکرات کے بعد ازبیکستان کے صدر کے ساتھ ایک مشترکہ پریس کانفرنس میں جناب مودی نے کہا کہ دہشت گردی انتہا پسندی اور علیحدگی پسندی، خطے کو درپیش سنگین چیلنجز ہیں۔

انھوں نے یہ بھی کہا کہ اِن خطرات کو قطعی برداشت نہ کرنے کی پالیسی ایک مشترکہ عزم ہوگی۔

**S/B 2100 PM Modi Terrorism Uzbekistan**

وزیر اعظم مودی نے کہا کہ بھارت اور ازبیکستان، دونوں ملکوں کے کاروباری رہنماؤں کی ایک کاروباری سمٹ کا مشترکہ طور پر انعقاد کریں گے۔

**S/B 2100 PM Uranium**

وزیر اعظم مودی نے کہا کہ دونوں ممالک کھیلوں سے متعلق تعاون کو بھی مزید بڑھائیں گے۔

**S/B 2100 PM Modi Sports Uzbekistan**

جناب مودی نے ازبیکستان کے طلبا کیلئے 100لال بہادر شاستری اسکالر شپ کا اعلان کیا تاکہ اس وسطی ایشیائی ملک میں ہندی زبان کو فروغ دیا جاسکے۔

انھوں نے تاشقند اسٹیٹ یونیورسٹی آف Oriental اسٹڈیز میں سنسکرت چیئر قائم کرنے کا بھی اعلان کیا۔

اس موقع پر جناب مودی کو صدر Shavkat Mirziyoyev نے ازبیکستان کے اعلیٰ ترین سرکاری اعزاز Order of Oliy Darajali Dustlik سے سرفراز کیا۔x

## Ministers PM Honour

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ، وزیر داخلہ امت شاہ، وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس۔ جے شنکر اور وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن سمیت کئی مرکزی وزیروں نے وزیر اعظم نریندر مودی کو ازبیکستان کے اعلیٰ ترین سرکاری اعزاز Oliy Darajali Do'stlik سے سرفراز کیے جانے پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ یہ باوقار اعزاز وزیر اعظم نریندر مودی کی دوراندیش قیادت اور بھارت و ازبیکستان کے درمیان دیرینہ دوستی کو مزید مستحکم کرنے کیلئے ان کی مستقل کوششوں کا اعتراف ہے۔ وزیر داخلہ امت شاہ نے اسے ہر بھارتی کیلئے فخر کا عظیم لمحہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ مودی حکومت کی سفارتی پالیسی، نئی سرحدیں طے کر رہی ہے، عالمی خطۂ جنوب کی آواز کو مضبوط بنا رہی ہے اور اقوامِ عالم کے درمیان تعلقات مستحکم کرکے انسانیت کی فلاح و بہبود کے بھارت کے تہذیبی مقاصد کو آگے بڑھا رہی ہے۔

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس۔ جے شنکر نے کہا کہ یہ اعزاز وزیر اعظم نریندر مودی کی دونوں ممالک کے درمیان دوستی کو گہرا کرنے کی مستقل کوششوں کا اعتراف ہے۔

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا کہ یہ اعزاز، وزیر اعظم نریندر مودی کی دونوں ممالک کے تعلقات کو مضبوط

بنانے کی کوششوں اور بھارت کے بڑھتے ہوئے عالمی رتبے کی عکاسی کرتا ہے۔
صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈا نے کہا کہ یہ 140 کروڑ بھارتیوں کیلئے فخر کا لمحہ ہے اور بھارت و ازبیکستان کے درمیان پائیدار دوستی کی ایک روشن مثال ہے۔x

## PM Kyrgyzstan

وزیر اعظم نریندر مودی اب سے کچھ پہلے کرغزستان کی راجدھانی بشکیک پہنچ گئے ہیں۔ بشکیک کے اپنے دو روزہ دورے کے دوران، وزیر اعظم شنگھائی تعاون تنظیم SCO کے رکن ممالک کے رہنماؤں کے ساتھ دو طرفہ میٹنگیں کریں گے۔ وہ یکم ستمبر کو SCO کے 26ویں سربراہ اجلاس میں بھی شرکت کریں گے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

**VC Vikalp Shukla**

وزیر اعظم نریندر مودی بشکیک میں شنگھائی تعاون تنظیم کے 26ویں سربراہ اجلاس میں شرکت کریں گے۔ یہ اجلاس شنگھائی تعاون تنظیم کی 25ویں سالگرہ کے موقع پر ہو رہی ہے۔ بھارت 2017 سے اس تنظیم کا رکن رہا ہے۔ وزیر اعظم اِس اجلاس سے خطاب کریں گے۔ اس دوران وہ سکیورٹی، کنکٹی ویٹی اور مواقع کے سلسلے میں بھارت کی ترجیحات کو اجاگر کریں گے۔ وزیر اعظم اجلاس سے علیحدہ SCO رہنماؤں کے ساتھ دو طرفہ میٹنگیں بھی کریں گے۔ اپنے دورے کے دوران وزیراعظم چھٹے World Nomad Games کی افتتاحی تقریب میں بھی شرکت کریں گے، جو وسطی ایشیا کے مالامال ثقافتی ورثے کا جشن منانے کیلئے منعقد کئے جاتے ہیں۔
بشکیک سے وکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد عمران

## PM Mann Ki Baat

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج من کی بات پروگرام میں لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے منشیات کے استعمال کے سماجی نقصانات کے خلاف سخت انتباہ دیا اور وکست بھارت کیلئے نشہ مکت یووا مہم کو اجاگر کیا۔ انہوں نے پی ایم سواندھی اسکیم کے ذریعے خواتین کی قیادت میں معاشی خودمختاری پر زور دیا اور خلائی صنعت جیسے جدید شعبوں میں خواتین کیلئے بڑھتے ہوئے مواقع کی تعریف کی۔ وزیر اعظم نے زراعت اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی میں عوامی سطح پر ہونے والی اہم اختراعات کی بھی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ وکست بھارت کیلئے نشہ مکت یووا مہم ملک بھر میں رفتار پکڑ رہی ہے اور منشیات سے پاک نوجوان اور منشیات سے پاک بھارت کا مقصد محض ایک رسمی بات نہیں ہے، بلکہ اس مہم سے بڑی تعداد میں نوجوان جڑ رہے ہیں۔

**S/B: PM on Drug Free Youth- 27Secs**

جناب مودی نے کہا کہ منشیات کی لت صرف ایک فرد کو نہیں بلکہ پورے خاندان اور معاشرے کو متاثر کرتی ہے۔ انہوں نے منشیات کے خلاف بیداری پیدا کرنے اور نشے کی لت میں مبتلا افراد کی مدد کرنے والے لوگوں کی تعریف کی۔ وزیر اعظم نے خواتین کو بااختیار بنانے میں پی ایم سوانِدھی یوجنا کے رول کو بھی اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کو بااختیار بنانے کی اس پہل پر مزید توجہ دی جانی چاہیے۔ انہوں نے بتایا کہ پی ایم سوانِدھی یوجنا کے تقریباً 46فیصد مستفیدین خواتین ہیں اور ملک بھر میں تقریباً 35لاکھ خواتین اپنے کاروبار کو وسعت دینے کے لیے اس اسکیم سے فائدہ اٹھا رہی ہیں۔

**S/B: PM on Svanidhi Yojana-39 Ses**

صفائی ستھرائی کے بارے میں جناب مودی نے کہا کہ جب کسی علاقے کو صاف رکھنے کا عزم عوام کی اجتماعی وابستگی بن جاتا ہے تو یہ عمل، اس مقام کی شناخت کو مکمل طور پر بدل سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں صفائی ستھرائی سے متعلق ایسی کوششیں دوسروں کیلئے مسلسل تحریک کا باعث بن رہی ہیں۔ وزیر اعظم نے مشن ShaktiSAT کا بھی ذکر کیا، جو ہزاروں لڑکیوں کو سیٹلائٹ ٹیکنالوجی سیکھنے اور خلائی شعبے میں اختراعات کے مواقع فراہم کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام میں 108ممالک کی تقریباً 12ہزار طالبات حصہ لے رہی ہیں۔ وزیر اعظم نے خلاء کے قومی دن کے موقع پر اترپردیش کے گریٹر نوئیڈا میں واقع گوتم بدھ یونیورسٹی میں مشن شکتی سیٹ کے دوسرے مرحلے کے آغاز کا بھی ذکر کیا۔

**S/B: PM on Mission Shakti-29 Secs**

وزیر اعظم نے ممبئی کے رہنے والے کرشن شیشادری سے بھی گفتگو کی، جنہوں نے ایک ایسی ویب سائٹ تیار کی ہے جس کے ذریعے یہ معلوم کیا جا سکتا ہے کہ کسی مخصوص سال میں بھارت کے مختلف علاقوں پر کس حکمراں کی حکومت تھی۔اگست کے مہینے کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ یہ مہینہ کئی ایسے مواقع لے کر آتا ہے جو حب الوطنی کے جذبے کو مضبوط کرتے ہیں، جن میں ہینڈلوم کا قومی دن، بھارت چھوڑو تحریک کی سالگرہ اور ملک کی تقسیم کے ہولناک واقعات کو یاد کرنے کا دن شامل ہیں۔

**S/B: PM on August Month**

وزیر اعظم نے کہا کہ یومِ آزادی اور خلاء کا قومی دن ہر بھارتی کو فخر کے جذبے سے سرشار کر دیتا ہے، جبکہ ہر گھر ترنگا مہم اس جذبے کو مزید مضبوط بناتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سال خاص طور پر اہم ہے کیونکہ اس سال وندے ماترم کے 150سال مکمل ہو رہے ہیں۔ **x**

## ***Oveall Nepal Flood***

نیپال میں اچانک سیلاب آنے سے مرنے والوں کی تعداد 781 تک پہنچ گئی ہے۔ وہاں مزید لاشیں ملی ہیں۔ تقریباً ڈھائی ہزار افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔

نیپال کی قدرتی آفات سے پیدا ہونے والے خطرات کی روک تھام اور بندوبست سے متعلق اتھارٹی NDRRMA نے بتایا کہ متاثرہ ضلعوں سے آٹھ ہزار 186افراد کو بحفاظت نکالا گیا ہے، جن میں 227غیر ملکی

افراد شامل ہیں۔ نیپال حکومت نے Bhote Koshi دریا میں سیلاب کا تازہ الرٹ جاری کیاہے۔ حکومت نے Nuwakot،Rasuwa اور Dhading ضلعوں میں دریا کے کنارے آباد لوگوں سے محتاط رہنے کیلئے کہا ہے۔ اتھارٹی نے دریا میں سیلاب کا دباؤ بڑھنے کی اطلاع دی ہے۔

وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے بتایا کہ نیپال میں اچانک سیلاب آنے کے بعد سے اب تک 149 بھارتی شہریوں کو بچایا گیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب جیسوال نے کہا کہ تقریباً 50 بھارتی شہریوں کے ساتھ رابطہ قائم ہوگیا ہے، جن سے اِس سے پہلے رابطہ قائم نہیں ہوپارہا تھا۔ وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ 275 بھارتی شہریوں کے لاپتہ ہونے کی خبر ہے، جبکہ بھارت نژاد تقریباً 128افراد اب بھی لاپتہ ہیں، جن کے پاس دیگر ملکوں کی شہریت ہے۔

بھارت، سیلاب سے متاثرہ نیپال میں بچاؤ اور راحت کے کام میں لگاتار مدد کررہا ہے۔ بھارت نے سیلاب سے متاثرہ نیپال کیلئے 68اعشاریہ پانچ ٹن امدادی سامان بھیجا ہے اور تلاش وبچاؤ کی کارروائیوں میں مدد کیلئے تکنیکی ٹیمیں، فورینسک ماہرین اور ضروری اشیاء بھی روانہ کی ہیں۔

آج 11ٹن امدادی سامان لے کر چوتھی پرواز نیپال پہنچی۔ بھارت نے سرنگوں کے ماہرین سمیت ایک خصوصی تکنیکی ٹیم اور ضروری سازوسامان Nuwakot ضلعے کے سیلاب سے متاثرہ Trishuli علاقے میں پن بجلی کے سرنگوں میں تلاش اور بچاؤ کی کارروائیوں کیلئے بھیجے ہیں۔

نیپال کی سرحد کے قریب تبت میں اچانک آئے سیلاب میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 16ہوگئی ہے، جبکہ چین کے حکام کے مطابق 546افراد اب بھی لاپتہ ہیں، جن میں کئی بھارتی بھی شامل ہیں۔ 26اگست کو اچانک آئے شدید سیلاب نے Gyirong– نیپال سرحدی امیگریشن پورٹ کو اپنی زد میں لے لیا تھا، جہاں تبت میں داخل ہونے والے اور وہاں سے باہر جانے کیلئے دونوں طرف سیکڑوں افراد موجود تھے۔

اس دوران عالمی صحت تنظیم WHO نے نیپال میں سیلاب سے متاثرہ لوگوں کی مدد کیلئے جنوب مشرقی ایشیائی خطے کے صحت کے ایمرجنسی فنڈ سے ایک سو پچاس ہزار امریکی ڈالر جاری کئے ہیں۔ WHO کے جنوب مشرقی ایشیائی خطے کے دفتر کے آفیسر اِنچارج ڈاکٹر Nilesh Buddha نے کہا کہ اِس ایمرجنسی فنڈ سے فوری ضروریات کی تکمیل میں مدد ملے گی۔ WHO بحالی کے اقدامات کے ذریعے نیپال کو مدد فراہم کرنے کے تئیں پُرعزم ہے۔x

## ***Hockey***

بلجیم کے Wavre میں Belfius Hockey Arena میں FIH ہاکی ورلڈ کپ 2026 کا فائنل دفاعی چمپئن جرمنی اور اسپین کے درمیان کھیلا جا رہا ہے۔ جرمنی 2023میں جیتا ہوا اپنا خطاب برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ چوتھا ورلڈ کپ جیتنے کی کوشش کر رہا ہے، جبکہ اسپین ہاکی ورلڈ کپ کا اپنا پہلا خطاب حاصل کرنے کیلئے کھیل رہا ہے۔ اب سے کچھ دیر پہلے تک جرمنی ایک–صفر سے آگے تھا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆